## ایبٹ آباد میں ہزارہ کے عوام پر پولیس کی فائرنگ قابل مذمت ہے۔الطاف حسین

## ہزارہ ڈویژن کے عوام اپنے حقوق کیلئے آواز بلند کررہے ہیں مگرانکی آواز پر ٹھنڈے دل سے غور کرنے کے بجائے انکے خلاف ریاستی طاقت کا بیدریغ استعمال کیا جارہا ہے

## عوام کی آواز کو طاقت سے دبانا مسئلہ کا حل نہیں ہے،معاملہ کو افہام وتفہیم اور بات چیت سے حل کیا جائے

## پولیس کی فائرنگ سے شہید ہونے والے افراد کے لواحقین سے الطاف حسین کا اظہار تعزیت،زخمیوں کی جلد صحتیابی کی دعا

## ایبٹ آباد،مانسہرہ اور لکی مروت سمیت پورے ہزارہ ڈویژن کے عوام سے الطاف حسین کا اظہار یکجہتی

لندن۔۔۔ 12 اپریل2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایبٹ آباد میں اپنے حقوق کیلئے آواز بلند کرنے والے ہزارہ کے عوام پر پولیس وانتظامیہ کی جانب سے گولیاں برسانے اور مظاہرین کو ریاستی تشدد کا نشانہ بنانے کی شدید مذمت کی ہے اور پولیس کی وحشیانہ فائرنگ کے نتیجے میں درجنوں افراد کے شہید وزخمی ہونے پر دلی افسوس کا اظہار کیا ہے۔اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایبٹ آباد،مانسہرہ اور لکی مروت سمیت ہزارہ ڈویژن کے عوام اپنے حقوق کیلئے آواز بلند کررہے ہیں جو ان کا آئینی وجمہوری حق ہے لیکن یہ امر انتہائی افسوسناک ہے کہ ان کی آواز پر ٹھنڈے دل سے غور کرنے کے بجائے ان کے خلاف ریاستی طاقت کا بیدریغ استعمال کیا جارہا ہے اور مظاہرین پر گولیاں برسائی جارہی ہیں جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ عوام کی آواز کو طاقت سے دبانا مسئلہ کا حل نہیں ہے بلکہ اس عمل سے صورتحال مزید خراب ہوسکتی ہے لہٰذا وفاقی وصوبائی حکومت کو چاہیے کہ معاملہ کو افہام وتفہیم اور بات چیت سے حل کیا جائے۔جناب الطاف حسین نے پولیس کی فائرنگ سے شہید ہونے والے افراد کے لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کیا اور زخمیوں کی جلد صحتیابی کی دعا کی۔انہوں نے ایبٹ آباد،مانسہرہ اور لکی مروت سمیت پورے ہزارہ ڈویژن کے عوام سے مکمل یکجہتی کا اظہار کیا۔

## ہزارہ قومی محاذ پاکستان اور ہزارہ قومی اتحاد پاکستان کے اعلیٰ سطحی وفود کی ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی سے ملاقات

کراچی۔۔12اپریل2010

ہزارہ قومی محاذ پاکستان اور ہزارہ قومی اتحاد پاکستان کے دو اعلیٰ سطحی وفود نے پیر کو خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان وسیم آفتاب،شاہد لطیف اور نیک محمد سے علیحدہ علیحدہ ملاقات کی۔ہزارہ قومی محاذ میں سندھ محاذ کے صدر حاجی خورشید ہزاروی،سینئر نائب صدر سردار منصف خان ایڈووکیٹ،جنرل سیکریٹری نوشاد تنولی ،نائب صدر سردار دلبر،نائب صدر کراچی ڈویژن اعظم تنولی اور ممبران سندھ کونسل عبدالرزاق جدون اور عبدالرزاق گجر سمیت 28رہنماء جبکہ ہزارہ قومی اتحاد پاکستان کے وفد میں اتحاد کے چیف کے آرگنائزر منیر عباسی،شوکت تنولی،شفیع اللہ خان،وہاب خان اور سراج ایوان شامل تھے۔ان وفود کے ارکان نے ایم کیوایم کے ارکان رابطہ کمیٹی سے صوبہ سرحد کا نام خیبر پختونخواہ رکھنے کے بعد ہزارہ ڈویژن کے عوام میں پائی جانے والی بے چینی ،احتجاج اور بے گناہ لوگوں کی شہادتوں کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا اور انہیں اپنے مؤقف سے آگاہ کیا۔ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان نے ہزارہ ڈویژن میں ہونے والی شہادتوں پر گہرے افسوس کا اظہار کیا اور ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی۔رابطہ کمیٹی کے ارکان نے کہا کہ ایبٹ آباد میں ہزارہ کے عوام پر پولیس کی فائرنگ قابل مذمت ہے،ہزارہ ڈویژن کے عوام اپنے حقوق کیلئے آواز بلند کررہے ہیں ان کے خلاف ریاستی طاقت کا استعمال کرنے کے بجائے معاملے کو افہام وتفہیم سے حل کیا جائے۔ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے ہزارہ ڈویژن کے عوام سے اظہار یکجہتی بھی کیا اور شہداء کی مغفرت کیلئے فاتحہ خوانی بھی کی۔اس موقع پر ایم کیوایم کی متحدہ آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان بھی موجود تھے۔

## جنوبی کوریا کے نئے قونصل جنرل IN KI LEE کے ہمراہ وفد کی خورشید ہال عزیز آباد میں رابطہ کمیٹی سے ملاقات

کراچی۔۔۔12،اپریل2010ء

کراچی میں متعین جنوبی کوریا کے نئے قونصل جنرل IN KI LEE اور ساؤتھ کوریا کے قونصل LEE MYONG-KEUN کے ہمراہ خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ارکان محترمہ نسرین جلیل اور کنور خالد یونس سے ملاقات کی اور ملک کی موجودہ سیاسی صورتحال بالخصوص سندھ میں سرمایہ کاری کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا۔اس وفد کے ہمراہ پاکستان جنوبی کوریا بزنس قونصل کے چیئرمین جناب احسن زبیری بھی موجود تھے۔ملاقات انتہائی خوشگوار ماحول میں ہوئی جو نصف

گھنٹے سے زائد جاری رہی۔اس موقع پر رابطہ کمیٹی کے ارکان نے صوبہ سندھ کے بلدیاتی الیکشن، سیاسی، معاشی اوراقتصادی صورتحال کے بارے میں تفصیل سے آگاہ کیااورانہیں ایم کیوایم کی عملی جدوجہد، قائدتحریک الطاف حسین کے فکروفلسفے اورحق پرست قیادت کی جانب سے کراچی وحیدرآبادسمیت سندھ کے دیگرشہروں میں ہونے والے ترقیاتی کاموں کی تفصیل سے بھی آگاہ کیا۔کورین وفد نے شہرکی ترقی وخوشحالی کیلئے ایم کیوایم کی کاوشوں کاسراہااوران کی تعریف کی۔آخرمیں رابطہ کمیٹی کے ارکان نے کورین وفدکوایم کیوایم کے قائدجناب الطاف حسین کی تصویروں پرمشتمل Pictorial Bio Graphy پرمبنی کتاب پیش کی۔اس موقع پرمہمان وفد نے رابطہ کمیٹی کے ارکان کاشکریہ اداکیا۔

## 25،اپریل کوصوبہ پنجاب کےعوام قائدتحریک جناب الطاف حسین کےفکرانگیزخطاب کےمنتظرہیں،صوبائی تنظیمی کمیٹی

## پنجاب کنونشن کےحوالے سےمظلوم عوام میں بےپناہ جوش وخروش

کراچی۔۔12اپریل2010

متحدہ قومی موومنٹ کی صوبائی تنظیمی کمیٹی کے انچارج واراکین نے کہا ہے کہ ایم کیوایم کےتحت25،اپریل کوپنجاب میں ہونیوالا کنونشن 2فیصداستحصالی مراعات یافتہ طبقے کے تابوت میں آخری کیل ثابت ہوگااوراہل پنجاب کےغریب اورمتوسط طبقے کےعوام میں بیداری پیداکریگا۔اپنےمشترکہ بیان میں انہوں نے کہاکہ صوبہ پنجاب میں ایم کیوایم کےتحت ہونے والے پنجاب کنونشن کےحوالے سےمظلوم عوام میں بےپناہ جوش وخروش پایاجارہاہےاورصوبہ پنجاب کےعوام قائدتحریک جناب الطاف حسین کےفکرانگیزخطاب کےمنتظرہیں۔انہوں نے کہاکہ ایم کیوایم نے جسطرح کراچی،حیدرآباد،میرپورخاص،اندورن سندھ،آزادکشمیراورگلگت بلتستان میں عوامی خدمت کی اورحق پرستی کے جھنڈے گاڑھےاسی طرح پنجاب میں بھی حق پرست عوام کی خدمت اوران کے جائزحقوق کی ترجمانی کرے گی۔اب پنجاب کےعوام موروثی سیاست سےنکل کراپنوں میں سےہی نیک نام اورتعلیم یافتہ افرادکوپارلیمنٹ تک لیجانے میں متحدہ قومی موومنٹ کاساتھ دیں۔صوبائی تنظیمی کمیٹی کےانچارج واراکین نے پنجاب کےزندہ دل عوام سےاپیل کی کہ وہ ایم کیوایم کےتحت25اپریل کوہونے والے پنجاب کنونشن میں زیادہ سے زیادہ تعدادمیں شرکت کریں اورواضح کردیں کہ پنجاب کےعوام حق پرستوں کےساتھ ہیں اوروہ الطاف حسین کےفکروفلسفے اورنظریئے پرمتحدہیں۔

## ایم کیوایم یوکےکےزیراہتمام سابق سٹی ناظم کراچی مصطفٰےکمال کی والدہ محترمہ جمیلہ بیگم کےایصال ثواب کیلئےقرآن خوانی کااجتماع منعقدکیاگیا

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کےارکان،ایم کیوایم یوکےکی آرگنائزنگ کمیٹی کےاراکین اورمختلف یونٹوں کےذمہ داران وکارکنان کی شرکت

لندن۔۔۔ 12 اپریل2010ء

ایم کیوایم یوکےکےزیراہتمام گزشتہ روزسابق سٹی ناظم کراچی مصطفٰےکمال کی والدہ محترمہ جمیلہ بیگم کےایصال ثواب کیلئےقرآن خوانی کااجتماع منعقدکیاگیاجس میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کےارکان،ایم کیوایم یوکےکی آرگنائزنگ کمیٹی کےاراکین اوریوکےکےمختلف یونٹوں کےذمہ داران وکارکنان نےشرکت کی۔قرآن خوانی کےبعدمرحومہ جمیلہ بیگم، رابطہ کمیٹی کےسابق رکن زاہدقریشی کےوالدفاضل قریشی مرحوم،ایم کیوایم یوکےایسٹ لندن کےیونٹ انچارج فیصل خانزادہ کےماموں ذوالفقارحسین مرحوم اورتحریک کےشہداء کی ارواح کےایصال ثواب کیلئےفاتحہ خوانی کی گئی۔اس موقع پرایم کیوایم کےقائدجناب الطاف حسین کی صحت وتندرستی اوردرازی عمرکیلئےبھی دعاکی گئی۔

## ایم کیوایم کےبزرگ کارکنان عبدالمالک،عبدالمتین اوراورنگی ٹاؤن سیکٹرکےکارکن محمدجاویدانتقال کرگئے

## مرحومین کومقامی قبرستانوں میں سپردخاک کردیاگیا،کارکنان کےانتقال پرالطاف حسین اوررابطہ کمیٹی کااظہارافسوس

کراچی۔۔12اپریل2010

متحدہ قومی موومنٹ ناظم آبادگلبہارسیکٹریونٹ188کےبزرگ کارکن عبدالمالک،ایم کیوایم لیاقت آبادسیکٹریونٹ163کےبزرگ کارکن عبدالمتین اورایم کیوایم اورنگی ٹاؤن سیکٹرگزشتہ روزوہ برین ہمبرج کےباعث انتقال کرگئے۔عبدالمالک مرحوم کےسوگواران میں3بیٹےاور3بیٹیاں شامل ہیں۔ایم کیوایم لیاقت آبادسیکٹریونٹ163کےکارکن عبدالمتین کی عمر60سال تھی اوربیمارتھے۔انہوں نےاپنےسوگواران میں7بچےچھوڑےہیں جبکہ ایم کیوایم اورنگی ٹاؤن سیکٹریونٹ4کےکارکن محمدجاویدکی عمر54سال تھی دل کے

عارضے میں مبتلا تھے۔محمد جاوید مرحوم کے سوگواران میں بیوہ، 6 بچے، ایک بھائی اور ایک بہن شامل ہیں۔عبدالمالک مرحوم، عبدالمتین مرحوم اور محمد جاوید مرحوم کو آہوں اور سسکیوں کے درمیان مقامی قبرستانوں میں سپرد خاک کردیا گیا۔مرحومین کی نماز جنازہ اور تدفین میں حق پرست ارکان سندھ اسمبلی، سابق حق پرست ٹاؤن ناظمین، ایم کیوایم کراچی تنظیمی کمیٹی، ایم کیوایم ایلڈر ونگ کے ذمہ داران، ایم کیوایم لیاقت آباد، ناظم آباد گلبہار اور اورنگی ٹاؤن سیکٹرز کے کارکنان، یونٹ کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور مرحومین کے عزیز واقارب نے شرکت کی۔

دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم ناظم آباد گلبہار سیکٹر یونٹ 188 کے بزرگ کارکن عبدالمالک، ایم کیوایم لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 163 کے بزرگ کارکن عبدالمتین اور ایم کیوایم اورنگی ٹاؤن سیکٹر یونٹ 4 کے کارکن محمد جاوید کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحومین کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

علاوہ ازیں متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کے بزرگ کارکنان عبدالمالک، عبدالمتین اور ایم کیوایم اورنگی ٹاؤن سیکٹر کے کارکن محمد جاوید کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوارِ رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوارن کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## اے پی ایم ایس او کے تحت فائنل تقریری مقابلہ 13 اپریل منگل کو لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں منعقد ہوگا

## تقریری مقابلے میں نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والے طلباء کے درمیان مقابلہ ہوگا

کراچی۔۔۔12، اپریل 2010ء

آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کے تحت 13 اپریل 2010ء بروز منگل دوپہر 12 بجے لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں فائنل تقریری مقابلہ منعقد ہوگا جس کا عنوان ''طلبہ میں سیاسی شعور وقت کی اہم ضرورت'' ہے۔اس تقریری مقابلے میں کراچی کے تمام جامعات وکالجز میں اے پی ایم ایس او کے سیکٹرز کے تحت ہونے والے تقریری مقابلے میں نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والے طلبہ وطالبات میں مقابلہ ہوگا۔تقریری مقابلہ میں حق پرست اراکین قومی وصوبائی اسمبلی اور اساتذہ کرام بطور مہمان خصوصی شرکت کریں گے جبکہ نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والے طلباء میں اسناد بھی تقسیم کی جائیں گی۔

☆☆☆☆☆